نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت کاشتکاروں سے درخواستوں کی وصولی میں توسیع

لاہور: یکم ستمبر **2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت 10 ہزار 50 تا 65 ہارس پاور ٹریکٹرز 7 لاکھ 50 ہزار روپے فی ٹریکٹر سبسڈی پر فراہم کرنے کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس ضمن میں کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے کاشتکار اس پروگرام کے تحت درخواست جمع کرانے کیلئے پورٹل /https://gts.punjab.gov.pk یا محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk کا وزٹ کریں جبکہ غیر کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ سے درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کریں یا محکمہ زراعت توسیع کے دفاتر سے درخواست فارم مفت حاصل کر سکتے ہیں۔درخواست فارم مکمل کوائف کے ساتھ متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرائیں۔اس پروگرام کے تحت درخواست گزار کیلئے زرعی ملکیتی رقبہ کی کم از کم حد 5 ایکڑ مقرر کی گئی ہے۔گرین ٹریکٹرز پروگرام کیلئے درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست 2026 تھی جسے کاشتکاروں کی پرزور فرمائش پر **5 ستمبر 2026** تک حتمی توسیع دے دی گئی ہے۔مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے محکمہ زراعت (توسیع) پنجاب کے متعلقہ دفاتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے یا زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر روزانہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک کال کی جاسکتی ہے۔

☆☆☆☆